Australian Government
AUSTRAC

FIGHTING FINANCIAL CRIME TOGETHER

# انفرادی صارفین کی شناخت کرنا

## ترسیلات زر کی خدمات فراہم کرنے والوں کے لئے حقائق نامہ

### کب مجھے ایک صارف کی شناخت کرنے کی ضرورت ہے؟

کسی صارف کو نامزد خدمات فراہم کرنے سے **پہلے** آپ کے لئے لازمی ہے کہ آپ صارف سے معلومات جمع کرکے اور ان کی تصدیق کر کے صارف کی شناخت کو چیک کریں۔ اسے صارف کی شناخت یا Know Your Customer (KYC) کہا جاتا ہے۔

صارف کی شناخت چیک کرنے کے بعد آپ کی یہ تسلی ہونا ضروری ہے کہ صارف وہی ہے جس کا وہ دعوی کرتا ہے۔

ہر کیس میں، کسی صارف اور ٹرانزیکشن سے لاحق خطرے کا جائزہ لے کر آپ کو اپنی صوابدید کا اطلاق کرتے ہوئے یہ فیصلہ بھی کرنا چاہئے کہ آیا اس صارف کو نامزد خدمت فراہم کی جائے یا نہیں۔

### میں انفرادی صارف کی شناخت کیسے کروں؟

صارف کی شناخت مکمل کرنے کے دو مرحلے ہیں۔

1. صارف سے شناختی معلومات **جمع کریں**
2. قابل اعتماد اور خودمختار وسائل سے صارف کی شناختی تفصیلات کی **تصدیق کریں۔**

آپ صارف کی معلومات کی تصدیق کرنے کے لئے قابل اعتماد اور خودمختار دستاویزات یا الیکٹرانک ڈیٹا (یا دونوں) استعمال کر سکتے ہیں۔

### مجھے انفرادی صارفین کی کون سی معلومات جمع کرنے اور ان کی تصدیق کرنے کی ضرورت ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| **انفرادی صارفین (SOLE TRADER نہیں)** | | |
|  | **جمع کریں** | آپ کو **تمام** درج ذیل معلومات لازما جمع کرنی چاہئیں:<br>• فرد کا مکمل نام<br>• رہائشی پتہ<br>• تاریخ پیدائش |
| | **تصدیق کریں** | آپ کو درج ذیل معلومات کی لازما تصدیق کرنی چاہئے:<br>• فرد کا مکمل نام، **اور**<br>• رہائشی پتہ یا تاریخ پیدائش |
| **SOLE TRADER (اپنی کاروباری حیثیت کی نمائندگی کرتے ہوئے)** | | |
|  | **جمع کریں** | آپ کو **تمام** درج ذیل معلومات لازما جمع کرنی چاہئیں:<br>• فرد کا مکمل نام<br>• وہ مکمل کاروباری نام جو صارف اپنا کاروبار کرنے کے لئے استعمال کرتا ہے (اگر لاگو ہوتا ہو)<br>• آسٹریلین بزنس نمبر (ABN) (اگر لاگو ہوتا ہو)<br>آپ کو درج ذیل معلومات میں سے **ایک** لازما جمع کرنی چاہئے:<br>• رہائشی پتہ، **یا**<br>• کاروبار کی مرکزی جگہ کا کاروباری پتہ (اگر لاگو ہوتا ہو) |
| | **تصدیق کریں** | آپ کو درج ذیل معلومات کی لازما تصدیق کرنی چاہئے:<br>• فرد کا مکمل نام، **اور**<br>• رہائشی پتہ یا تاریخ پیدائش |

## شناختی دستاویزات

| شناختی دستاویزات کی مثالیں | |
|---|---|
| **بنیادی شناختی دستاویزات** (حکومت کی جانب سے جاری کردہ) | ڈرائیور لائسنس یا آسٹریلیا یا کسی دوسرے ملک کا پرمٹ (بشمول ڈیجیٹل ڈرائیور لائسنس) |
| | آسٹریلوی پاسپورٹ |
| | آسٹریلیا میں حکومت کا جاری کردہ عمر کے ثبوت کا کارڈ |
| | غیرملکی حکومت یا اقوام متحدہ کا جاری کردہ غیرملکی پاسپورٹ |
| | غیرملکی حکومت یا اقوام متحدہ کی جاری کردہ بین الاقوامی سفری دستاویزات |
| | غیرملکی حکومت یا اقوام متحدہ کا جاری کردہ قومی شناختی کارڈ |
| | آسٹریلوی پیدائشی سرٹیفیکیٹ، پیدائشی ریکارڈ یا شہریت کا سرٹیفیکیٹ |
| | غیرملکی پیدائشی سرٹیفیکیٹ یا شہریت کا سرٹیفیکیٹ |
| | حکومت کا جاری کردہ رعایتی کارڈ، جیسے پنشنر رعایتی کارڈ، ہیلتھ کیئر کارڈ یا سینیئرز ہیلتھ کیئر کارڈ |
| | **نوٹ:** اگر سفری دستاویزات یا شناختی کارڈز غیرملکی زبان میں ہوں اور تصدیق کرنے والا شخص وہ غیرملکی زبان نہ جانتا ہو تو ایسی صورت میں صارف کے لئے لازمی ہے کہ وہ ایک تسلیم شدہ انگریزی ترجمہ فراہم کرے۔ |

| | |
|---|---|
| **ثانوی شناختی دستاویزات** | آسٹریلوی ٹیکسیشن آفس یا دیگر حکومتی ایجنسی، جیسے سنٹرلنک، کی جانب سے ایک نوٹس جس میں فرد کا نام اور رہائشی پتہ درج ہو – پچھلے 12 ماہ کے دوران جاری کردہ |
| | میونسپل کاؤنسل کا ریٹس نوٹس یا ایک یوٹیلیٹی بل (جیسے پانی، گیس یا بجلی کا بل) جس میں فرد کا نام اور رہائشی پتہ درج ہو – پچھلے تین ماہ کے دوران جاری کردہ |
| | 18 سال سے کم عمر شخص کے لئے اسکول کے پرنسپل کی جانب سے ایک خط – پچھلے تین ماہ کے دوران جاری کردہ – جس میں فرد کا نام اور رہائشی پتہ درج ہونے کے ساتھ ساتھ اس فرد کے اسکول جانے کا زمانہ بھی درج ہو، یا ایک اسٹوڈنٹ کارڈ اگر دستیاب ہو۔ |

### الیکٹرانک ڈیٹا

اگر آپ صارف کی تفصیلات کی الیکٹرانک شکل میں تصدیق کر رہے ہیں تو آپ کو لازما اس بات پر غور کرنا ہے کہ آیا الیکٹرانک ڈیٹا قابل اعتماد اور آزادانہ ہے۔ یہ جاننے کے لئے کہ آیا الیکٹرانک دستاویزات قابل اعتماد اور آزادانہ ہیں **austrac.gov.au/verify** دیکھیں

### زیادہ خطرے کے حامل صارفین اور صارفین کی زیادہ نگرانی

جب آپ کسی صارف یا ٹرانزیکشن کو زیادہ خطرے کا حامل پائیں تو آپ کے لئے یہ لازم ہے کہ آپ صارف کی زیادہ نگرانی کے طریقۂ کار یا enhanced customer due diligence (ECDD) کا اطلاق کریں۔ ECDD میں صارف کی شناخت کے اضافی چیک، اضافی معلومات جمع کرنا اور اضافی تصدیق کرنا شامل ہو سکتا ہے۔ یہ جاننے کے لئے کہ آپ کو ECDD کا اطلاق کب کرنا چاہئے، **austrac.gov.au/ECDD**

### سیاسی طور پر معروف افراد

سیاسی طور پر معروف فرد یا politically exposed person (PEP) سے مراد وہ شخص ہے جس کا آسٹریلیا یا بیرون ملک کسی حکومتی یا بین الاقوامی ادارے میں ایک ممتاز مقام یا کردار ہو۔ ایسے افراد کے گھرانے کے افراد اور قریبی واسطے کے افراد کو بھی PEPs مانا جاتا ہے۔ PEPs کی شناخت کرنے اور بطور صارف ان کی شناخت کا مرحلہ مکمل کرنے کے لئے **austrac.gov.au/PEPS** دیکھیں

### مخصوص حالات: روایتی شناخت نہ رکھنے والے صارفین

ہوسکتا ہے کہ کچھ صارفین کے پاس روایتی شناختی دستاویزات نہ ہوں۔ آپ AUSTRAC ویب سائٹ پر شناخت کی دیگر اقسام کی فہرست دیکھ سکتے ہیں۔ ایسے صارفین کی شناخت کرنے کے لئے **austrac.gov.au/identity** دیکھیں

### مزید معلومات

KYC ذمہ داریوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے یا دیگر نوعیت کے صارفین کے تقاضوں کے بارے میں معلومات کے لئے **austrac.gov.au/KYC** دیکھیں


**اعلان دستبرداری**

اس دستاویز میں موجود معلومات کا مقصد صرف ایک خلاصہ اور عمومی جائزہ فراہم کرنا ہے۔ یہ مکمل تفصیلات کا احاطہ نہیں کرتی۔ یہ قانونی مشاورت نہیں ہے اور نہ ہی اسے قانونی مشورہ سمجھا جانا چاہئے۔ کامن ویلتھ اس دستاویز پر انحصار کرنے کے نتیجے میں ہونے والے کسی نقصان کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اس دستاویز کے مندرجات کی بنیاد پر فیصلہ لینے یا کوئی خاص اقدام اٹھانے سے پہلے آپ کو اس کے درست، مکمل اور حالیہ ہونے اور اپنے مقاصد پر اس کے اطلاق کے بارے میں تصدیق کر لینی چاہئے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ ایک آزاد ماہرانہ مشورہ حاصل کرنا چاہیں۔

© کاپی رائٹ کامن ویلتھ آف آسٹریلیا


D1007

